**Understanding Immigration Bonds- Urdu**

امیگریشن بانڈ کے بارے میں معلومات

امیگریشن بانڈ کیا ہے؟

بانڈ وہ رقم ہے جو کوئی ہوم لینڈ سکیورٹی کے محکمے کو ادا کرتا ہے تاکہ انہیں یقین دلایا جا سکے کہ اگر آپ کو رہا کر دیا جاتا ہے تو آپ اپنی مستقبل کی تمام پیشیوں (اور آئی سی ای چیک ان) کے لئے عدالت حاضرہوں گے۔

بونڈ کتنی رقم کا ہوسکتا ہے؟

قانون کے مطابق سب سے کم ممکنہ بانڈ 1500 ڈالر ہے۔ اس کی کوئی بالائی حد نہیں ہے۔ منیسوٹا میں زیادہ تر بانڈز 5000 سے 15000 ڈالر کے ہیں لیکن بانڈز اس سے کہیں زیادہ بھی ہو سکتے ہیں۔

میں بونڈ کے لئے کیسے درخوست کرسکتا ہوں؟

- آپ آئی سی ای سے بانڈ مانگ سکتے ہیں۔ اگر وہ کوئی بانڈ مقرر کرتے ہیں، تو آپ اسے ادا کر سکتے ہیں اور رہا کیے جا سکتا ہے۔ اگر آئی سی ای کوئی بانڈ مقرر نہیں کرتا، یا ایسا بانڈ مقرر کرتاہے جو بہت زیادہ ہو، تو آپ امیگریشن جج کے ساتھ بانڈ کی سماعت کے لئے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔ جج کے سامنے بانڈ مانگنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو بانڈ مل جائے گا۔ آپ کو اپنا مقدمہ ثابت کرنا ہوگا۔

- آپ امیگریشن جج سے یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ وہ آئی سی ای کے مقرر کردہ بانڈ کو کم کرے، لیکن اس بات سے آگاہ رہیں کہ جج بانڈ کو کم کر سکتا ہے، اتنی ہی رقم رکھ سکتا ہے، بانڈ بڑھا سکتا ہے یا آپ کو بانڈ کے بغیر حراست میں لینے کا حکم دے سکتا ہے۔

کیا مجھے اپنی مدد کے لئے کسی وکیل کی ضرورت ہے؟

- آپ کو وکیل کا حق ہے، لیکن آپ کے پاس وکیل ہونا لازم نہیں ہے۔ عدالت آپ کے لئے وکیل فراہم نہیں کرے گی۔ اگر آپ وکیل چاہتے ہیں، تو آپ کو خود تلاش کرنا پڑے گا۔ جج آپ کو مفت خدمات فراہم کرنے والے وکیلوں کی فہرست دے سکتا ہے، لیکن آپ کو خود ان سے رابطہ کرنا ہوگا کہ آیا وہ آپ کا مقدمہ لیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ وہ آپ کا مقدمہ نہ لے سکیں۔ ان تنظیموں کو کالز جیل سے مفت ہونی چاہئیں۔ بہت سے نجی وکیل بھی ہیں جو بانڈ کے معاملات کو سنبھالتے ہیں جو عدالت کی فہرست میں نہیں ہوتے ۔

- لوگ عام طور پر اپنے بانڈ اور امریکا سے جلاوطنی کے معاملات میں زیادہ کامیاب ہوتے ہیں اگر وہ وکیل کے خدمات حاصل کریں ۔ یہ فیصلہ کرنے سے پہلے کہ آپ کو اپنی نمائندگی کے لیے وکیل کے ضرورت ہے کہ نہیں آپ کو وکیل سے مشورہ کرنا چاہیے ۔ لیکن آپ پہ وکیل سے بات کرنا یا خدمات حاصل کرنا لازم نہیں ہے۔

- اگر آپ فیصلہ نہیں کر پائے کہ آپ کو وکیل کی ضرورت ہے یا نہیں ، یا ابھی تک وکیل کی خدمات حاصل کر نہیں پائے ہیں، تو آپ جج سے مزید وقت مانگ سکتے ہیں (ایک تاریخ )۔ جج آپ کو وکیل سے بات کرنے کے لئے مزید وقت دے گا۔ اگر آپ مزید وقت مانگتے ہیں، تو جج آپ سے کہہ سکتا ہے کہ جب آپ تیار ہوں تو بانڈ کے لیے ایک نئی درخواست کریں۔ لیکن خیال رہے کہ اس دوران آپ حراست میں ہی رہیں گے اور آپ کا امیگریشن کیس آگے بڑھتا رہے گا- جج آپ کو لامحدود وقت نہیں دیں گے۔

ایک جج میرے بانڈ کے بارے میں کیسے فیصلہ کرتا ہے؟

جج فیصلہ کرنے سے پہلے تین چیزوں کا فیصلہ کرے گا کہ آیا آپ کو بانڈ ملے گا:

- کہ آپ بانڈ کے اہل ہیں۔ کچھ مجرمانہ سزائیں جیسے کہ منشیات کے جرائم اور فوجداری جرائم آپ کو بانڈ کے لئے نااہل بناتی ہیں۔ اگر آپ کو امریکا میں داخل ہوتے ہوئے حراست میں لیا گیا ہے، اگر آپ کو پہلے امریکا سے جلاوطن کیا گیا ہے، یا اگر آپ کے خلاف امریکا سے جلاوطنی کا حتمی حکم جاری ہے تو آپ بانڈ کے اہل نہیں ہیں۔

- کہ آپ عوام کے لئے خطرہ نہیں ہیں۔اس کا فیصلہ جج آپ کے سابقہ مجرمانہ ریکارڈ کی بنیاد پر کرتا ہے۔ جج

سزاؤں، گرفتاریوں اور جاری فوجداری مقدمات، پولیس رپورٹوں، شواہد پر غور کرے گا کہ آپ جرائم سے باز آ گئے ہیں یا نہیں -اس کے علاوہ جج غور کرے گا کسی بھی اور ثبوت پہ جو عدالت کو فراہم کیا گیا ہو ۔ اگر جج کو سمجھتا ہے کہ آپ ایک خطرہ ہیں، تو آپ کو بانڈ نہیں مل سکتا۔

- کہ آپ فرار نہیں ہوں گے ۔ جج ایسی چیزوں پر غور کرتا ہے جیسے کہ کیا آپ اپنی کمیونٹی سے رابطے میں ہیں، آپ ریلیف کے اہل ہیں، اور دیگر عدالتی مقدمات میں پیش ہوئے ہیں۔ اس سے انہیں یقین دلایا جائے گا کہ اگر آپ کو حراست سے رہا کیا جاتا ہے تو آپ مستقبل میں امریکا سے جلاوطنی کی تمام سماعتوں میں پیش ہوں گے۔

میں جج کو کیسے قائل کروں کہ وہ مجھے بانڈ دے؟

- جج آپ کو بتائے گا کہ "بار ثبوت " آپ پر ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ کو جج کو قائل کرنا ہوگا کہ آپ سے کوئی خطرہ نہیں ہے یاآ پ فرار نہیں ہوں گے ۔ حکومت ممکنہ طور پر ثبوت پیش کرے گی جس سے ظاہر ہو کہ آپ کو حراست میں رہنا چاہئے۔

- جج تحریری ثبوت چاہتا ہے؛ آپ کا زبانی ثبوت دینا کافی نہیں ہے۔ مددگار شواہد میں خاندان کے افراد کے پیدائش کے سرٹیفکیٹ یا گرین کارڈ کی کاپیاں، پے اسٹب، دستخط شدہ لیز یا خط شامل ہو سکتے ہیں جس سے پتہ چلتا ہو کہ آپ کہاں رہتے ہیں، خاندان کے افراد، پادریوں، اماموں ، آجروں/ملازمت دینے والوں یا دوستوں کے معاون خطوط شامل ہو سکتے ہیں اور ایسے ثبوت جوآپ کے جرائم سے باز آنے کے شواہد دیں شامل ہو سکتے ہے (آپ مناسب ثبوت پیش کرنے کے بارے میں تحریری تفصیل مانگ سکتے ہیں۔)

- آپ اپنے کیس کے لئے عدالت کو جو دستاویزات دیتے ہیں وہ انگریزی میں ہونی چاہئیں یا ان کا انگریزی میں مصدقہ ترجمہ شامل ہونا چاہئے۔

- جب آپ حراست میں ہیں تو آپ کے لیے یہ سارے ثبوت اکٹھا کرنا مشکل ہوگا ۔اس میں خاندان کے افراد یا وکیل آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ وکیل یہ تعین کرنے میں مدد کر سکتا ہے کہ آپ کے مخصوص کیس میں کون سی معلومات اور ثبوت بہترین ہوں گے۔ وکیل آپ کے بانڈ دستاویزات کا ترجمہ کرنے میں بھی مدد کر سکے گا۔

کیا ہوگا اگر جج مجھے بانڈ دے جو بہت زیادہ پیسوں کا ہو ؟

- آپ کو ابھی بانڈ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کو بانڈ خود ادا کرنے کی بھی ضرورت نہیں ہے- قانونی امریکی حیثیت رکھنے والا کوئی بھی شخص بانڈ ادا کر سکتا ہے۔ لیکن، آپ کو اس وقت تک رہا نہیں کیا جائے گا جب تک بانڈ کی ادائیگی نہیں کی جاتی۔

توجہ ، اگر کوئی بانڈ کے بدلے آپ کو یا آپ کے عزیزوں کو دھمکیاں دے رہا ہے، تو آپ کو اس کی اطلاع دینے کے لئے امیگریشن اٹارنی سے رابطہ کرنا چاہئے- کسی کا آپ کو یا آپ کے عزیزوں کو بانڈ کی ادائیگی کے لئے کام کرنے یا جنسی عمل کرنے پر مجبور کرنا غیر قانونی ہے۔

- منیسوٹا فریڈم فنڈ، ایک غیر منافع بخش کمیونٹی فنڈ،شائد آپ کے بانڈ کی ادائیگی کر سکے . کسی کو مندرجہ ذیل ویب سائٹ پر جا کر آپ کے لئے اس کی درخواست کرنے کی ضرورت ہوگی: mnfreedomfund.org

اگر جج مجھے بانڈ نہیں دیتا تو کیا ہوتا ہے؟

- آپ کو صرف ایک بانڈ سماعت ملتی ہے۔ اگر آپ کو بانڈ دینے سے انکار کیا جاتا ہے تو آپ اس وقت تک حراست میں رہیں گے جب تک آپ کا امریکا سے جلاوطنی کا مقدمہ مکمل نہیں ہو جاتا۔ جب تک آپ کے حالات میں کوئی اہم تبدیلی نہیں آتی، جیسے مجرمانہ الزامات کا ختم ہونا یا سزا کا واپس ہونا ، آپ کو جج کے بانڈ کے انکار کے بعد مزید بانڈ کی سماعت نہیں ملے گی۔ یہی وجہ ہے کہ آپ کو اپنی اکلوتی بانڈ کی سماعت کے لئے تیار رہنے کی ضرورت ہے۔

- آپ جج کے فیصلے کے خلاف اپیل کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ اعلیٰ عدالت، بورڈ آف امیگریشن اپیلز (بی آئی اے) سے اس کیس کا جائزہ لینے کا مطالبہ کیا جائے۔ بی آئی اے یا تو جج کے فیصلے کو الٹ سکتا ہے یا اس کی حمایت کر سکتا ہے۔ اگر آپ اپیل دائر کرنا چاہتے ہیں تو جج آپ کو فارم اور ہدایات فراہم کرے گا۔ اپیل کا فیصلہ ہونے کے دوران آپ حراست میں رہیں گے۔

کیا مجھے بانڈ کی رقم واپس مل جائے گی؟

- اگر آپ اپنی تمام عدالتی سماعتوں میں جاتے ہیں اور امیگریشن جج یا آئی سی ای کے مقرر کردہ تمام احکامات پر عمل کرتے ہیں، بشمول ضرورت پڑنے پر امریکا چھوڑنا،تو جب آپ کا کیس ختم ہو جاتا ہے تو بانڈ کی رقم جس نے بھی ادا کی ہوتی ہے اسے واپس کر دی جاتی ہے ۔ لیکن اگر آپ عدالت نہیں جاتے یا تمام احکامات پر عمل نہیں کرتے تو آئی سی ای بانڈ کی رقم رکھ سکتا ہے۔

یاد رہے

- بانڈ کی سماعت امریکا سے جلاوطنی/ ہٹانے کی سماعت سے الگ ہے۔ اگر آپ بانڈ کی سماعت کرنا چاہتے ہیں، تو آپ کو ایک درخواست کرنی ہوگی۔ یہ تحریری طور پر یا جب بھی آپ عدالت جاتے ہیں تو جج سے پوچھ کر کیا جاسکتا ہے ۔

- آپ کو صرف ایک بانڈ سماعت ملتی ہے، لہذا ثبوت کے ساتھ تیار رہیں۔

- ہر کسی کو بانڈ نہیں ملے گا۔ امیگریشن قانون کا کہنا ہے کہ کچھ لوگوں کو بانڈ حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہے۔ امیگریشن جج یہ بھی فیصلہ کر سکتا ہے کہ آپ کو رہا نہیں کیا جانا چاہئے اور آپ کو بانڈ سے انکار کرے گا۔

- آپ کے بانڈ کی درخواست سے کوئی فرق نہیں پڑتا، آپ کی امریکا سے جلاوطنی کا معاملہ جاری رہتا ہے چاہے آپ کو حراست میں رکھا جائے یا بانڈ پر رہا کیا جائے۔

- آپ کا امیگریشن کیس کسی بھی فوجداری مقدمے سے الگ ہے جو ابھی چل رہا ہو ، یا مستقبل میں چلے ، یا ماضی میں چلا تھا۔ یہ مختلف ججوں اور مختلف وکیلوں کے ساتھ ایک مختلف عدالت ہے۔ فوجداری عدالت سے ضمانت حاصل کرنے کا مطلب یہ نہیں ہے کہ آپ کو امیگریشن عدالت سے بانڈ ملے گا۔ آپ کے مجرمانہ بانڈ کے لئے ادا کی جانے والی کوئی بھی رقم آپ کے امیگریشن بانڈ کی طرف نہیں جاتی ہے۔

- آپ کو وکیل کی خدمات حاصل کرنا لازم نہیں ہے، لیکن وکیل رکھنے سے عام طور پر آپ کو اپنے کیس میں زیادہ کامیاب ہونے میں مدد مل سکتی ہے ۔

یہ دستاویز انسانی حقوق کے وکیلوں، منیاپولس، ایم این نے بنائی ہے۔ یہ قانونی مشورے کا متبادل نہیں ہے۔ دسمبر 2021 ©